ڈسٹرکٹ پولیس آفس /شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((389

19.08.25

**بہاول پور(            )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی جانب سے تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں اہل علاقہ کی بڑی تعداد کو سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو شہریوں کے مسائل بر وقت حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا اور گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے، ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے ویژن انصاف آپ کی دہلیز پر کے پیش نظر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری لگائی، جس میں اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ ڈی پی او کے ہمراہ ایس ڈی پی او سٹی سرکل، ایس ایچ او تھانہ کینٹ ودیگر معزز شخصیات نے بھی شرکت کی۔ ڈی پی او محمد حسن اقبال نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ تھانوں میں کھلی کچہری کا انعقاد ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دہلیز پر بروقت دادرسی کی جاسکے۔ ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔ ایس ایچ اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے ساتھ بہتر رویہ اپنائیں۔ عوام کی خدمت اور ان کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ جبکہ شہریوں کا کہنا تھا کہ ہم بہت مطمئن ہیں کہ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خود ہمارے مسائل کے حل کے لئے تشریف لائے اور مسائل کو فوری حل کرنے کے متعلق افسران کو حکم جاری کئے۔ ڈی پی او بہاولپور کے اس احسن اقدام سے انصاف کا بول بالا ہو رہا ہے۔ آخر میں ڈی پی او محمد حسن اقبال نے شہریوں کی شرکت پر بھی ان کا شکریہ ادا کیا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال تھانہ کینٹ میں کھلی کچہری کے موقع پر شہریوں کے مسائل دریافت کرنے کے بعد ان کے حل کیلئے احکامات جاری کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((390

19.08.25

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائیاں جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 11 ملزمان گرفتار۔بھاری مقدار میں شراب،منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد۔جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہاہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے ویژن منشیات سے پاک پنجاب اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد حسن اقبال کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ سٹی حاصلپور، ڈیرہ نواب صاحب اور سول لائنز پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 04 ملزمان کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 110 لیٹر شراب ،30 لیٹر لہن اور 01 عدد چالو بھٹی برآمد کرلی۔اسی طرح تھانہ کینٹ پولیس نے منشیات فروشی کی خلاف کاروائی کرتے ہوئے 01 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 01 کلو 200 گرام چرس برآمد کرلی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے تھانہ ہیڈ راجکاں ، بغداد الجدید اور مسافرخانہ پولیس نے 04 ملزم کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 04 عدد پسٹل 30 بور برآمد کرلیے،اسی طرح تھانہ سٹی حاصلپور نے قمار بازی ایکٹ کی خلاف ورزی کرنے پر محمد حسن اور علی حسنین کو گرفتار کرکے داؤ پر لگی رقم اور تاش کے پتے برآمد کرلیے، گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کرکے تفتیش شروع کردی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہاہے،انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات، پولیس کی مختلف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد